## جماعت اسلامی اور وہ سیاسی یا مذہبی جماعتیں جو ملک کو آگ اور خون میں نہلانے والے درندہ صفت طالبان کی حمایت کررہی ہیں وہ طالبان کے گھناؤنے جرائم میں برابر کی شریک ہیں۔ارکان قومی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

## پوری قوم درندہ صفت طالبان کے خلاف ایک آواز ہےلیکن جماعت اسلامی پورے ملک میں دہشت گردی اور بربریت کا بازار گرم کرنے والے اورفوج، سیکوریٹی فورسز اور عام شہریوں کا خون بہانے والے درندہ صفت طالبان کی حمایت کررہی ہے

## قوم وقت آنے پر ملک دشمن طالبان کی حمایت کرنے والوں کا بھی احتساب کرے گی

کراچی۔۔۔29 مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے کہاہے کہ جماعت اسلامی سمیت وہ تمام مذہبی اورسیاسی جماعتیں جو پاک فوج کے افسروں جوانوں اورعام شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے اورملک کے مختلف شہروں میں خودکش بم دھماکے اوردہشت گردی کی کارروائیاں کرنے والے ملک دشمن طالبان کی حمایت کررہی ہیں وہ ملک دشمن طالبان کے گھناؤنے جرائم میں برابرکی شریک ہیں۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ یہ حقیقت پوری قوم کے سامنے ہے کہ سوات اوردیگرعلاقوں میں اسلام کے نام پراپنے مخالفین کوذبح کرنے والے، بزرگان دین کے مزارات اورلڑکیوں کے اسکولوں کوبموں سے اڑانے والے اوردہشت گردی کا بازارگرم کرنیوالے درندہ صفت طالبان آج سوات میں پاک فوج سے باقاعدہ جنگ کررہے ہیں،فوج کے افسروں اور جوانوں کوشہیدکررہے ہیں اوراب یہ طالبان اپنی جنگ کا دائرہ بڑھاتے ہوئے پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، لاہوراورملک کے مختلف شہروں میں خودکش حملوں، بم دھماکوں اوردہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں اورعام شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔ پوری قوم ان درندہ صفت طالبان کے خلاف ایک آواز ہےلیکن جماعت اسلامی خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعے پورے ملک میں دہشت گردی اور بربریت کا بازارگرم کرنے والےاورفوج،سیکوریٹی فورسزاورعام شہریوں کا خون بہانے والے درندہ صفت طالبان کی حمایت کررہی ہےاورطالبان کی درندگی اوردہشت گردی کی مذمت کرنے کے بجائے طالبان کی حمایت میں مظاہرے کررہی ہے۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی اوروہ سیاسی یا مذہبی جماعتیں جوملک کوآگ اورخون میں نہلانے والے درندہ صفت طالبان کی حمایت کررہی ہیں وہ طالبان کے گھناؤنے جرائم میں برابرکی شریک ہیں اورقوم وقت آنے پران جماعتوں کا بھی احتساب کرے گی۔

## قصبہ علی گڑھ بلوچ گوٹھ کے سینکڑوں سندھی وبلوچ نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔29،مئی2009ء

قصبہ علی گڑھ بلوچ گوٹھ کے سینکڑوں سندھی اور بلوچ نوجوانوں اور بزرگوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اورنظریئے سے متاثر ہوکرمتحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کےتحت بلوچ گوٹھ قصبہ علیگڑھ میں منعقدہ کارنر میٹنگ میں کیا جس میں حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی عادل خان،مظاہرامیر،ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ،اراکین سمیع الدین اورالطاف حسین مینگل نے بھی شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے سندھی اور بلوچ نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم لوگ اس علاقے میں سوسال سے زائد عرصہ سے مقیم ہیں اور ماضی میں پینتیس چالیس سالوں سے ایک مخصوص پارٹی کوووٹ دیتے آرہے ہیں مگرکئی دفعہ اقتدار میں آنے کے باوجوداس پارٹی نے کبھی بھی ہمارے علاقے میں ترقیاتی کاموں پرکوئی توجہ نہیں دی اورصرف ووٹوں کے حصول کیلئے ہی علاقے میں آنے کے بعد غائب ہوجاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو ہم نے ایسی جماعت پایا ہےجس کوکبھی بھی علاقے سے ووٹ نہیں ملےلیکن اس کے باوجودحق پرست قیادت نے ہمارے علاقے میں ترقیاتی کام کروائے جس سے ہم بہت متاثر ہیں اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کے حقیقت پسندی اورعملیت پسندی کےنظریئے کے قائل ہوچکے ہیں۔اس موقع پرحق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والے سندھی وبلوچ نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیرمقدم کیااورانہیں مبارکباد پیش کی۔

## اے پی ایم ایس او نے حیدرآباد سیکٹر کی تنظیم نو کا اعلان کر دیا گیا

## تحریک کے مشن و مقصد کیلئے اپنی تمام تر خدمات کو تحریک کی جدوجہد کیلئے پیش کرنے والے کارکنان سرمایہ ہیں، چیئرمین وحیدالزماں

کراچی ۔۔۔29، مئی 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن نے حیدرآباد سیکٹر کی تنظیم نو کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ اعلان اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحیدالزماں ،سیکریٹری جنرل نعمان علی اور جوائنٹ سیکریٹری ارشاد احمد نے حیدرآباد میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وحیدالزماں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیو ایم ایک تحریک ہے اور تحریک میں ہمیشہ کارکنان کو ذمہ داریاں ان کی قابلیت کو دیکھ کر میرٹ کی بنیاد پر دی جاتی ہیں یہ ہی وجہ ہے کہ ہماری تحریک میں قابل اور باصلاحیت کارکنان موجود ہیں جو مختلف تحریکی ذمہ داریاں احسن طریقے اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک کے مشن و مقصد کیلئے اپنی تمام تر خدمات کو تحریک کی جدوجہد کیلئے پیش کرنے والے کارکنان سرمایہ ہیں۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ تعلیم حاصل کریں تاکہ معاشرے میں پائی جانے والی خرابیوں کو دور کر سکیں، اپنی اور اپنی آنے والی نسلوں کی بقاء وسلامتی کے جائز حقوق کی جدوجہد کر سکیں۔ انہوں نے نو منتخب سیکٹر آرگنائزر و سیکٹر کمیٹی کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریے کے فروغ کیلئے اپنی تمام تر صلاحتیں استعمال کریں گے۔

## صدر مملکت کی جانب سے کراچی میں ماحولیات کی بہتری کیلئے 22 ارب کے گرین کراچی پروگرام کی منظوری دینے کا حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی کی جانب سے زبردست خیر مقدم

کراچی ۔۔۔29، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے کراچی میں ماحولیات کی بہتری کیلئے 22 ارب روپے کے ''گرین کراچی پروگرام'' کی منظوری دینے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گرین کراچی پروگرام کی تکمیل سے شہریوں کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا اور انہیں تفریح کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ شہر کراچی کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور صدر مملکت آصف علی زرداری نے کراچی کیلئے 22 ارب روپے کے گرین پروگرام کی منظوری دیکر ثابت کر دیا ہے کہ وہ جمہوری روایت اور اصولوں کے تحت ہی شہر شہر اور قریہ قریہ ترقی و خوشحالی لے کر جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ گرین کراچی پروگرام کیلئے 22 ارب روپے کی منظوری دینے کا زبردست خیر مقدم کرتی ہے اور اس منظوری کو شہر کراچی میں مزید نکھار اور خوبصورتی پیدا کرنے سے تعبیر کرتی ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سامان کی بڑے پیمانے پر پیکنگ اور چھانٹی کا کام جاری ہے

کراچی ۔۔۔29، مئی 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کراچی میں امدادی سامان کی بڑے پیمانے پر پیکنگ اور چھانٹی کا کام جاری ہے اور اس سلسلے میں سینکڑوں رضا کار دن رات مصروف عمل ہیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ پاک فوج کے متاثرہ علاقوں میں آپریشن کے بعد سے ہی جاری ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی اپیل پر مخیّر حضرات، عوام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد متاثرہ خاندانوں کی امداد کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کر رہے ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، اراکین اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں اپنی ڈیوٹیاں انجام دے رہے ہیں اور امدادی کاموں کی نگرانی کر رہے ہیں جس کے باعث امدادی کاموں کا تسلسل اور تیزی برقرار ہے اور امدادی اشیاء اور ادویات سے لدے کئی ٹرک متاثرہ خاندانوں کیلئے روانہ کئے جا چکے ہیں جن کی مالیت کروڑوں روپوں پر مشتمل ہے۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کیلئے علمائے کرام، وکلاء، ریٹائرڈ ججز، اسکول کالج کے طلباء، فنکار اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد دورہ کر چکے ہیں۔ دورے کے دوران انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور متاثرہ خاندانوں کیلئے نیک جذبات رکھنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کی جانب سے شہر سے طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریوں پر پراسرار خاموشی معمہ بنی ہوئی ہے، پی پی او سی

کراچی ۔۔۔29 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی جدید وآتشی اسلحہ سمیت گرفتاریوں پر نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کی جانب سے پراسرار خاموشی محبّ وطن اور پرامن عوام کیلئے معمہ بنی ہوئی ہے۔ یہ بات ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شکیل عباسی ، اراکین محمد معروف حسین، فضیل اسلم رانا اور جمال آفریدی نے جمشید ٹاؤن محمود آباد میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں جمشید ٹاؤن کی یوسی 1,2,3 اور 4 سے تعلق رکھنے والے مختلف قومیتوں کے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔ اپنے خطاب میں پی پی او سی کے اراکین نے کہا کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں کراچی اور اس کے عوام کی ہمدردی میں مگرمچھ کے آنسو بہا رہی ہیں، گزشتہ مہینوں کے دوران شہر میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کئی طالبان دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے جو کہ ریکارڈ پر موجود ہے لیکن ان نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کی جانب سے طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریوں اور یہاں طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف اب بھی منافقانہ طرز عمل اختیار کیا جارہا ہے اور یہ طرز عمل دراصل شہر اور اس کے عوام کے خلاف گھناؤنی سازش کا حصہ ہے ۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کی سازش کو کراچی ، سندھ اور ملک بھر میں کامیاب ہرگز نہیں ہونے دیگی اور اس کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی ۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔29 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن بلال الدین کی اہلیہ محترمہ فاطمہ، ایم کیوایم شہداد پور زون کے کارکن محمد اقبال کی والدہ بتول بیگم، ایم کیوایم سانگھڑ زون A-3 ٹنڈو آدم یونٹ کمیٹی کے رکن حافظ محمد یوسف کی والدہ بشیراں بیگم اور ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 23 کے کارکن محمد کامران خان کے والد محمد احمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ ( آمین )

☆☆☆☆☆